# پاکستان اور جنوبی افریقہ کے مابین ٹی ٹوئنٹی سیریز کا آغاز جمعہ سے ہوگا

**ڈربن، 28 جنوری 2021ء:**

پاکستان اور جنوبی افریقہ کی خواتین کرکٹ ٹیموں کے مابین تین میچوں پر مشتمل ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل سیریز جمعہ سے کنگزمیڈ کرکٹ اسٹیڈیم ڈربن میں شروع ہوگی۔ یہ آسٹریلیا میں آئی سی سی ٹی ٹوئنٹی ویمنز کرکٹ ورلڈکپ کے بعد قومی خواتین کرکٹ ٹیم کی پہلی انٹرنیشنل ٹی ٹوئنٹی اسائنمنٹ ہوگی۔

قومی خواتین کرکٹ ٹیم اب تک جنوبی افریقہ میں آٹھ ٹی ٹوئنٹی میچز کھیل چکی ہے۔ ان آٹھ میں سے چھ مرتبہ پاکستان کی ٹیم میزبان جنوبی افریقہ کے مدمقابل آئی، جہاں دو میں اسے کامیابی اور چار میں شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ قومی خواتین کرکٹ ٹیم نے سال 2019 میں اپنے آخری دورہ جنوبی افریقہ میں یہ دونوں ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچز جیتے تھے۔

اس سیریز میں پاکستان کی جانب سے ندا ڈار 192 رنز بنا کر سب سے بہترین بیٹر اور پانچ وکٹیں حاصل کرنے والی آلراؤنڈر عالیہ ریاض بہترین باؤلر رہیں تھیں۔

دونوں کرکٹرز نے حال ہی میں جنوبی افریقہ کے خلاف ون ڈے انٹرنیشنل سیریز میں بھی شاندار کارکردگی کا تسلسل برقرار رکھا ہے۔ عالیہ ریاض نے 136 اور ندا ڈار نے 124 رنز بنائے۔

**جویریہ خان، کپتان قومی خواتین کرکٹ ٹیم:**

قومی خواتین کرکٹ ٹیم کی کپتان جویریہ خان کا کہنا ہے کہ ٹی ٹونٹی ایک الگ فارمیٹ ہے، یہ ہمارے پاس اس ٹور پر کم بیک کرنے کا ایک اچھا موقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے اسکواڈ میں اچھی کرکٹرز شامل ہیں جو کہ یہاں اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کی اہلیت رکھتی ہیں۔

کپتان نے کہا کہ عالیہ ریاض اور ندا ڈار نے نہ صرف اپنی بیٹنگ کی صلاحیتوں کا بھرپور مظاہرہ کیا بلکہ ان دونوں نے باؤلنگ میں بھی بہتر کھیل پیش کیا، ڈیانا بیگ کا یہ پہلا دورہ جنوبی افریقہ ہے اور اپنے پہلے ٹور پر ان کی کارکردگی نمایاں رہی ہے۔

انہوں نے مزید کہا کہ قومی خواتین کرکٹ ٹیم میں انعم امین، نشرہ سندھو اور سعدیہ اقبال جیسی باصلاحیت کرکٹرز شامل ہیں، انہیں امید ہے کہ یہ تینوں کرکٹرز ٹی ٹونٹی سیریز میں بہترین کھیل پیش کریں گی۔

جویریہ خان نے کہا کہ پاکستان خواتین کرکٹ ٹیم نے جنوبی افریقہ کے خلاف ایک روزہ سیریز میں اچھا کھیل پیش کیا تاہم وہ بھی فتح حاصل کرنے میں ناکام رہے۔ انہوں نے کہا کہ جنوبی افریقہ میں بیٹنگ آسان نہیں تاہم تین ایک روزہ میچوں میں کنڈیشنز سے آگاہی کے بعد ہم ٹی ٹونٹی سیریز میں مزید بہتر کھیل پیش کرنے کی کوشش کریں گے۔

**اسکواڈ:**

جویریہ خان (کپتان)، ایمن انور، عالیہ ریاض، انعم امین، عائشہ نسیم، عائشہ ظفر، ڈیانا بیگ، فاطمہ ثناء، کائنات امتیاز، منیبہ علی، ناہیدہ خان، نشرہ سندھو، ندا ڈار، عمیمہ سہیل، سعدیہ اقبال، سدرہ نواز (وکٹ کیپر) اور سیدہ عروب شاہ

-ENDS-

Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

## ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB's mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women's game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

